یہ دستاویز البرٹا ہیلتھ سروسز وسائل/مواد سے لیا گیا ہے اور ایک تیسرے فریق کے ذریعہ اس کا ترجمہ کیا گیا ہے۔

# والدین کے لئے AHS اسکول ٹیکہ کاری پروگرام کا جائزہ

21 نومبر 2022

## اسکولوں میں کون سے ٹیکے اور کس گریڈ کے دوران لگائے جاتے ہیں؟

| گریڈ | ٹیکہ | اضافی معلومات |
|---|---|---|
| **گریڈ 6** | ہیپاٹائٹس بی (HBV) ٹیکہ | • 2 خوراکیں، گریڈ 6 میں دیے جانے پر 6 مہینوں کے فاصلے سے<br>• HBV ٹیکہ بار بار پوچھے جانے والے سوالات<br>• HBV ٹیکہ کے تعلق سے مزید معلومات AB ٹیکہ کاری کی ویب سائٹ پر |
| | انسانی پیپلوما وائرس (HPV-9) ٹیکہ | • 2 خوراکیں، گریڈ 6 میں دیے جانے پر 6 مہینوں میں<br>• HPV-9 ٹیکہ بار بار پوچھے جانے والے سوالات<br>• HPV-9 ٹیکہ سے متعلق مزید معلومات AB ٹیکہ کاری کی ویب سائٹ پر |
| **گریڈ 9** | ڈپھتھیریا، ٹیٹنس، اسیلولار پیرٹوسس (dTap) ٹیکہ | • گریڈ 9 میں ایک خوراک (شروعاتی بچپن میں اس سے قبل دی گئیں خوراکوں کے علاوہ)<br>• dTap خوراک بار بار پوچھے جانے والے سوالات<br>• dTap ٹیکہ سے متعلق مزید معلومات AB ٹیکہ کاری کی ویب سائٹ پر |
| | میننگوکوکل کونجوگیٹ A, C, Y, W-135 (MenC-ACYW) ٹیکہ | • گریڈ 9 میں 1 خوراک<br>• MenC-ACYW بار بار پوچھے جانے والے سوالات<br>• MenC-ACYW ٹیکہ سے متعلق مزید معلومات AB ٹیکہ کاری کی ویب سائٹ پر |

## مجھے اسکول ٹیکہ کاری کی کلینکس کے بارے میں کب معلوم ہوگا؟

آپ کے بچے کا اسکول ٹیکہ کاری کی کلینکس کے لئے تاریخوں کی اطلاع دے گا۔

## ایک اسکول میں ہونے والے ٹیکہ کاری پروگرام میں میرے بچے کی شرکت کے لئے والدین کی رضامندی فراہم کرنے کا طریقۂ کار کیا ہے؟

قبل اس کے کہ آپ کا بچہ/ آپ کی بچی کو اس کے اسکول میں ٹیکہ لگایا جا سکے، والدین کی رضامندی ضروری ہے۔ آپ کو آپ کے اسکول کی جانب سے ایک پیکیج موصول ہوگا جس میں لگائے جا رہے ٹیکے سے متعلق معلومات اور رضامندی فارم ہوں گے۔ رضامندی فارم میں آپ سے آپ کے بچے کی صحت کے بارے میں سوالات پوچھے جائیں گے، جن میں طبی حالات اور الرجیاں شامل ہیں۔ اسی فارم کے توسط سے ہم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ پیش کیا جا رہا ٹیکہ آپ کے بچے کو محفوظ طور پر لگایا جائے۔ آپ کو فراہم کردہ فارم اور سبھی معلومات کو یقینی طور پر پڑھ لیں، اور فارم کو مکمل طور پر پورا کریں۔

**برائے مہربانی نوٹ کر لیں کہ اسکول میں پیش کیے جا رہے ہر ٹیکے کے لئے آپ کو نیا معلوماتی پیکیج اور رضامندی فارم بھیجا جائے گا۔** اگر آپ کسی ٹیکے کے لئے رضامندی دیتے/دیتی ہیں تو، آپ اس بات سے اتفاق کرتے/کرتی ہیں کہ آپ کا بچہ اُس ٹیکے کی وہ سبھی خوراکیں موصول کرے گا/گی جس کی اسے ضرورت ہوگی۔ ہر ٹیکے کی سبھی خوراکیں موصول کرنے میں آپ کے بچے کو 1 تعلیمی سال سے زیادہ لگ سکتا ہے۔ آپ کی رضامندی اس وقت تک باقی رہتی ہے جب تک آپ کے بچے کو وہ سبھی خوراکیں نہ موصول ہو گئی ہوں جن کی اسے ضرورت ہے جب تک کہ آپ اپنی رضامندی سے دستبردار نہ ہو جائیں (اسے واپس نہ لیں) یا آپ کے بچے کی صحت میں تبدیلی نہ آ جائے۔ اگر آپ کے بچے کی صحت میں تبدیلی آ جاتی ہے یا آپ اپنی رضامندی واپس لینا چاہتے/چاہتی ہیں تو، برائے مہربانی اپنے اسکول کی عوامی صحت کی نرس کو کال کر کے انہیں مطلع کر دیں۔

## ٹیکہ کاریوں کے بارے میں طلبہ کے ساتھ کن معلومات کا اشتراک کیا جاتا ہے؟

طلبہ کو ایک پریزینٹیشن دیا جاتا ہے جس میں بتایا جاتا ہے کہ انھیں ممکنہ طور پر کون سے ٹیکے موصول ہوں گے اور یہ کہ وہ ان کے جسم میں کیسے کام کرتے ہیں۔ انھیں ایک عمومی بات یہ بھی بتائی جاتی ہے کہ ٹیکہ کاری کے دن کیا ہوگا اور وہ تیاری کرنے کے لئے کیا کر سکتے ہیں، اس میں ان کے تجربہ کا نظم کرنے کی حکمت عملیاں بھی شامل ہیں۔ اس تعلق سے معلومات کہ ان کے والدین کے پاس گھر کیا جا رہا ہے نیز انھیں کس چیز کو اسکول میں واپس لانا ہے۔ اس وقت کسی بھی سوال کاجواب دیا جاتا ہے۔

## میں اپنے بچے کی ٹیکہ کاری کے لئے کیسے تیاری کر سکتا/سکتی ہوں؟

1. اپنے بچے کے ساتھ ٹیکہ کاری سے متعلق بات چیت کریں۔ اس بات کا زیادہ امکان ہے کہ بڑے بچوں کو اس تعلق سے سوالات ہوں کہ انھیں ٹیکہ کاری کی ضرورت کیوں ہے، اور یہ انھیں اس بات کو سمجھانے کا اچھا موقع ہے کہ ٹیکہ کاریاں انھیں بیمار پڑنے سے محفوظ رکھیں گی۔
2. اپنے بچے کے ساتھ ان چیزوں پر بات چیت کریں جو آپ نے ماضی میں ان کے ٹیکہ کاری اپوائنٹمنٹ کے لئے کی تھیں۔ اس سے آپ اور آپ کے بچے کو ان حکمت عملیوں کے بارے میں فیصلہ کرنے میں مدد ملے گی جنہیں وہ اب استعمال کر سکتے ہیں، اس سے ٹیکہ کاری سے پہلے یا اس کے دوران ان کو ہونے والے کسی بھی اندیشہ میں کمی آئے گی۔
3. اپنے بچے کی تیاری کرنے اور وہ چیزیں لانے میں مدد کریں جن سے ان کی توجہ پھیری جا سکے اور انھیں تسلی مل سکے۔
4. اگر آپ کے بچے کو درج ذیل صورت حال کا سامنا ہو تو اپنے اسکول کی عوامی صحت کی نرس کو بتا دیں:
   - ماضی میں کسی ٹیکہ کاری کے تئیں کوئی شدید ضمنی اثر ہوا ہو،
   - کوئی بھی ایسی صورت حال جس کا تذکرہ معلوماتی ورقہ کے ”یہ ٹیکہ کسے نہیں لگوانا چاہئے؟“ سیکشن میں درج ہو،
   - وہ جو دوائیں لے رہے ہیں اس کی وجہ سے کوئی کمزور مدافعتی نظام یا کوئی صحت حالت ہو، یا
   - ان میں سے کسی ٹیکے کو کسی دیگر فراہم کنندہ سے موصول کیا ہو، جیسے کہ کوئی ڈاکٹر یا دوافروش یا کسی سفری کلینک پر (مثلاً کسی دیگر ریاست میں)

اپنے بچے کے لئے ٹیکہ کاری کے تجربے میں بہتری لانے سے متعلق مزید معلومات کے لئے برائے مہربانی ملاحظہ کریں:

- آرام کے تئیں عہد | البرٹا ہیلتھ سروسز
- ٹیکہ کاری کے تجربے میں بہتری لانا: والدین اور نگہداشت کنندگان کے لئے ایک رہنما
- بچوں کے لئے ٹیکہ کاری کو مزید آسان بنانے سے متعلق مشورے (albertahealthservices.ca)

## ٹیکہ لگنے کے بعد میرے بچے کو کیا ہو سکتا ہے؟

ٹیکہ لگنے کے بعد آپ کے بچے کو ہو سکنے والے ضمنی اثرات ان کو موصول ہونے والے ٹیکے کے اعتبار سے ہوتے ہیں۔ یہ معلومات حاصل کرنے کے لئے، معمول کے ٹیکوں کا شیڈول میں یا ٹیکہ کاری سے متعلق معلومات کے ورقے کی فہرست

میں ٹیکہ کے نام پر کلک کریں۔ عوامی صحت کی نرس آپ کے بچے سے تقاضہ کرے گی کہ وہ اپنی ٹیکہ کاری کے بعد کم از کم 15 منٹ تک ٹھہرے رہیں۔ اس سے عوامی صحت کی نرس، ہو سکنے والے کسی بھی فوری الرجیاتی ردعمل کی شناخت اور اس کا علاج کر سکے گی۔
کسی سنگین ضمنی اثر کا پیش آنا شاذونادر ہے۔ کسی سنگین یا غیرمعمولی ضمنی اثر کی اطلاع دینے کے لئے صحت کی لنک کو 811 پر کال کریں۔

## میں ٹیکہ کاری کے بعد اپنے بچے کی علامات کا نظم کیسے کر سکتا/سکتی ہوں؟

آپ کے بچے کی عمر سے قطع نظر، ان کے لئے یہ بات حسب معمول ہے کہ ٹیکہ کاری کے بعد انہیں کچھ عمومی، ہلکے اور معتدل اور عارضی علامات کا سامنا ہو۔

ان ہلکی علامات کا نظم کرنے سے متعلق چند چیزیں پیش خدمت ہیں:

- بخار۔ بخار میں مدد کرنے کے لئے ایک دوا ہے (مثلاً ایسیٹامینوفین یا آئبوپروفین)۔ اگر آپ اس تعلق سے پریقین نہیں ہیں کہ کون سی دوا دینی ہے یا خوراک کتنی ہو، تو اپنے دوافروش یا ڈاکٹر سے معلوم کر لیں۔ پیکیج پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔ اگر آپ اس تعلق سے پریقین نہیں ہیں کہ آیا آپ کے بچے کے بخار کا تعلق ٹیکہ کاری سے ہے، تو اپنے بچے کو دوا دینے سے پہلے، صحت کی لنک کے لئے 811 کو کال کریں یا اپنے ڈاکٹر یا دوا فروش سے بات کریں۔
- جہاں سوئی لگی تھی اس جگہ پر سوجن، سرخی، یا دکھنے کا احساس۔ جہاں سوئی لگائی گئی تھی اس جگہ پر ایک ٹھنڈا، بھیگا ہوا کپڑا رکھیں۔ درد میں مدد کرنے کی ایک دوا ہے۔ اگر آپ اس تعلق سے پریقین نہیں ہیں کہ کون سی دوا لینی ہے یا خوراک کتنی ہو، تو اپنے دوا فروش یا ڈاکٹر سے معلوم کر لیں۔ پیکیج پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔
- 18 سال سے کم عمر کے بچوں کو ایسپرین نہیں لینی چاہئے۔ ایسپرین لینے سے، رے سنڈروم نامی ایک شاذونادر مگر سنگین بیماری کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔
- تھکا ہونے کا احساس، آسانی سے ناراض ہو جانا اور کھانے کی چاہت نہ ہونا۔ کبھی کبھار ہو سکتا ہے کہ ٹیکہ کاری کے چند گھنٹوں بعد تک بچے کو تھکا ہونے کا احساس ہو، آسانی سے ناراض ہو جائے، اور کھانے کی چاہت نہ ہو۔ ٹیکہ کاری کے بعد گھر پر ایک خاموش ماحول میں آرام کرنے کی منصوبہ بندی کریں۔ ضرورت پڑنے پر اپنے بچے کو پکڑیں اور اسے پیار سے گلے لگائیں، اور درجۂ حرارت کو ایک آرام دہ سطح پر رکھنا یاد رکھیں - اگر آپ کے بچے کو بہت زیادہ گرمی کا احساس ہو تو ان کے ناراض ہونے کا امکان بڑھ جاتا ہے۔

## مزید معلومات کے لئے میں کہاں جا سکتا/سکتی ہوں؟

- والدین اور نگہداشت کنندگان کے لئے ایک رہنما: ٹیکہ کاری کے تجربے میں بہتری لانا:
- برائے طلبہ: ٹیکہ کاری کے تجربہ کو مزید مثبت کیسے بنائیں
- البرٹا کا ٹیکہ شیڈول | البرٹا ہیلتھ سروسز
- آرام کے تئیں عہد | البرٹا ہیلتھ سروسز
- البرٹا میں ٹیکہ کاری | البرٹا ہیلتھ سروسز

## اگر مجھے دیگر سوالات ہوں میں کس سے رابطہ کروں؟

برائے مہربانی اسکول کے منتظم اور/یا آپ کے بچے کے اسکول کو تفویض کردہ عمومی صحت کی نرس سے رابطہ کریں۔